پنجاب لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ

اشتہار برائے 10 ایکڑ کماد کی کھڑی فصل کی نیلامی

لائیوسٹاک ایکسپیریمنٹ اسٹیشن خضر آباد، سرگودھا میں 10 ایکڑ رقبہ پر کاشت شدہ کماد کی کھڑی فصل کی نیلامی منعقد کی جارہی ہے۔

تفصیلات نیلامی:

فصل: کماد - کل رقبہ: 10 ایکڑ۔

یہ نیلامی 30 نومبر 2026ء کو صبح 11:00 بجے مقام تجرباتی لائیو اسٹاک فارم خضر آباد، سرگودھا منعقد ہوگی۔ اگر پہلی نیلامی میں کماد فروخت نہ ہو سکے یا مناسب قیمت موصول نہ ہو تو دوسری نیلامی 02 دسمبر 2026ء اور تیسری نیلامی 04 دسمبر 2026ء کو دن 11:00 بجے اسی مقام پر منعقد ہوگی۔

شرائط و ضوابط

1. ہر بولی دہندہ کے لیے مبلغ 100،000 روپے بطور زر ضمانت جمع کروانا لازمی ہوگا۔ کامیاب بولی دہندہ کو کل بولی کی قیمت کا 1/4 حصہ موقع پر جمع کروانا ہوگا اور کامیاب بولی دہندہ کو 15 دن کے اندر باقی رقم جمع کروانا لازمی ہوگی۔
2. کامیاب بولی دہندہ کی زر ضمانت حتمی ادائیگی میں شمار ہوگی، جبکہ ناکام بولی دہندگان کو رقم واپس کر دی جائے گی۔
3. سب سے زیادہ بولی مجاز اتھارٹی کی منظوری سے مشروط ہوگی۔
4. کامیاب بولی دہندہ مکمل رقم مقررہ مدت کے اندر جمع کروانے کا پابند ہوگا۔
5. فصل کی کٹائی، نقل و حمل اور دیگر تمام اخراجات کامیاب بولی دہندہ خود برداشت کرے گا۔
6. کسی قسم کا ٹیکس، سیلز ٹیکس یا دیگر حکومتی محصولات حسب رائج قوانین کے مطابق لاگو ہوں گے جو کامیاب بولی دہندہ ادا کرنے کا پابند ہوگا۔
7. فصل کی کٹائی کے دوران فارم کی املاک، فصلوں اور آبپاشی کے نظام کو کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچایا جائے گا۔
8. کامیاب بولی دہندہ نیلامی کے حقوق کسی دوسرے شخص کو منتقل نہیں کر سکے گا۔
9. شرائط و ضوابط کی خلاف ورزی کی صورت میں زرِ ضمانت ضبط کرنے کا اختیار ادارے کو حاصل ہوگا۔
10. ادارہ کسی بھی بولی کو قبول یا مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔
11. بولی کے دوران تمام معاملات کا حتمی فیصلہ چیف ایگزیکٹو آفیسر پی ایل ڈی بی کا ہوگا اور اس کے خلاف کسی قسم کی قانونی چارہ جوئی نہ کی جا سکے گی۔



مزید معلومات کے لیے دفتری اوقات میں درج ذیل نمبرز پر رابطہ کریں۔

سینٹر مینیجر آپریشنز: 0327-8888082 ایگریکلچر مینیجر: 0327-8888089

مینیجر ایڈمن: 0313-8668486